روزنامہ الفضل

ٹیلی فون نمبر: 213029

C.P.L 29

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com

Email:editor@alfazal.com

پیر 14 مارچ 2005ء 3 صفر 1426 ہجری 14 امان 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 57

اللہ کی خاطر چالیس دن

حضرت ابوایوبؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

جس شخص نے اللہ کی خاطر چالیس دنوں کو خالص کر دیا حکمت کے چشمے اس کے دل سے پھوٹ پھوٹ کر اس کی زبان پر جاری ہوتے ہیں۔

(الجامع الصغیر باب المیم جلد 2 ص 160)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن شریف میں ایسی تعلیمیں ہیں کہ جو خدا کو پیارا بنانے کے لئے کوشش کر رہی ہیں کہیں اس کے حسن و جمال کو دکھاتی ہیں اور کہیں اس کے احسانوں کو یاد دلاتی ہیں۔ کیونکہ کسی کی محبت یا تو حسن کے ذریعہ سے دل میں بیٹھتی ہے اور یا احسان کے ذریعہ سے۔ چنانچہ لکھا ہے کہ خدا اپنی تمام خوبیوں کے لحاظ سے واحد لاشریک ہے کوئی بھی اس میں نقص نہیں۔ وہ مجمع ہے تمام صفات کاملہ کا اور مظہر ہے تمام پاک قدرتوں کا اور مبدأ ہے تمام مخلوق کا اور سرچشمہ ہے تمام فیضوں کا اور مالک ہے تمام جزاء سزا کا اور مرجع ہے تمام امور کا۔ اور نزدیک ہے باوجود دوری کے اور دور ہے باوجود نزدیکی کے۔ وہ سب سے اوپر ہے مگر نہیں کہہ سکتے کہ اس کے نیچے کوئی اور بھی ہے۔ اور وہ سب چیزوں سے زیادہ پوشیدہ ہے مگر نہیں کہہ سکتے کہ اس سے کوئی زیادہ ظاہر ہے۔ وہ زندہ ہے اپنی ذات سے اور ہر ایک چیز اس کے ساتھ زندہ ہے۔ وہ قائم ہے اپنی ذات سے اور ہر ایک چیز اس کے ساتھ قائم ہے۔ اس نے ہر ایک چیز کو اٹھا رکھا ہے اور کوئی چیز نہیں جس نے اس کو اٹھا رکھا ہو۔ کوئی چیز نہیں جو اس کے بغیر خود بخود پیدا ہوئی ہے یا اس کے بغیر خود بخود جی سکتی ہے۔ وہ ہر یک چیز پر محیط ہے مگر نہیں کہہ سکتے کہ کیسا احاطہ ہے۔ وہ آسمان اور زمین کی ہر یک چیز کا نور ہے اور ہر یک نور اسی کے ہاتھ سے چمکا اور اسی کی ذات کا پرتوہ ہے۔ وہ تمام عالموں کا پروردگار ہے۔ کوئی روح نہیں جو اس سے پرورش نہ پاتی ہو اور خود بخود ہو۔ کسی روح کی کوئی قوت نہیں جو اس سے نہ ملی ہو اور خود بخود ہو۔ اور اس کی رحمتیں دو قسم کی ہیں (1) وہ جو بغیر سبقت عمل کسی عامل کے قدیم سے ظہور پذیر ہیں جیسا کہ زمین اور آسمان اور سورج اور چاند اور ستارے اور پانی اور آگ اور ہوا اور تمام ذرات اس عالم کے جو ہمارے آرام کے لئے بنائے گئے۔ ایسا ہی جن جن چیزوں کی ہمیں ضرورت تھی وہ تمام چیزیں ہماری پیدائش سے پہلے ہی ہمارے لئے مہیا کی گئیں اور یہ سب اس وقت کیا گیا جبکہ ہم خود موجود نہ تھے۔ نہ ہمارا کوئی عمل تھا۔ کون کہہ سکتا ہے کہ سورج میرے عمل کی وجہ سے پیدا کیا گیا یا زمین میرے کسی شدھ کرم کے سبب سے بنائی گئی۔ غرض یہ وہ رحمت ہے جو انسان اور اس کے عملوں سے پہلے ظاہر ہو چکی ہے جو کسی کے عمل کا نتیجہ نہیں (2) دوسری رحمت وہ ہے جو اعمال پر مترتب ہوتی ہے اور اس کی تصریح کی کچھ ضرورت نہیں۔

(لیکچر لاہور۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 152)

طلباء وطالبات کی تعلیمی امداد

آنحضور ﷺ کا فرمان ہے کہ ہر مرد وعورت کے لئے علم کا حصول لازمی ہے۔ خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ ایک ایسی جماعت ہے جسے یہ فخر حاصل ہے کہ وہ اپنے آقا کے اس ارشاد کی تعمیل میں پڑھے لکھے افراد کی جماعت شمار ہوتی ہے لیکن ابھی جماعت میں بہت سے ایسے افراد ہیں جو اپنے بچوں کو غربت کی وجہ سے تعلیم کے زیور سے آراستہ نہیں کر پاتے اور مالی اعانت کے مستحق ہیں۔ ایسے نادار، مستحق اور غریب طلبہ کے لئے صدر انجمن احمدیہ پاکستان میں ایک شعبہ امداد طلبہ قائم ہے جو مشروط بآمد ہے اور کلیتہً مخیرّ احباب کی طرف سے ملنے والے عطیہ جات اور مالی معاونت سے چل رہا ہے اور یہ شعبہ مندرجہ ذیل Levels پر طلباء وطالبات کی تعلیمی امداد کرتا ہے۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس 3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات کیلئے رقوم 5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں اوسطاً سالانہ فیس کی شرح فی طالب علم درج ذیل ہے۔

1۔ پرائمری/سیکنڈری پرائیویٹ ادارہ جات 2 ہزار تا 6 ہزار روپے حکومتی ادارہ جات 300 تا 600 روپے

2۔ کالج پرائیویٹ ادارہ جات 6 ہزار تا 12 ہزار روپے حکومتی ادارہ جات 2400 روپے

3۔ بی ایس سی، ایم ایس سی و پیشہ ور ادارہ جات 50 ہزار تا ایک لاکھ روپے حکومتی ادارہ جات, 10 ہزار تا 30 ہزار روپے اسی طرح شعبہ امداد طلبہ سینکڑوں طلباء وطالبات کی مدد کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

آپ سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں نیز اپنے حلقہ احباب کو بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ دل کھول کر رقوم بھجوائیں تا کوئی طالب علم تعلیم کے زیور سے محروم نہ رہ سکے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بہت زیادہ برکت عطا فرمائے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلباء نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد امداد طلبہ میں بھجوائے جا سکتے ہیں۔

(نگران امداد طلباء۔ ونظارت تعلیم)

دعوت الی اللہ کے سنہری گر

158

پرحکمت نصائح ایمان افروز واقعات

مرتبہ: عبدالستار خان صاحب

دوستانہ تعلقات

حضرت میاں عبدالرشید صاحب ابن حضرت میاں چراغ دین صاحب رئیس لاہور فرماتے ہیں کہ 1903ء میں جب میں سکول آف آرٹس میں طالب علم تھا اور آخری سال کی تعلیم حاصل کر رہا تھا کہ محلّہ وچھووالی کا ایک لڑکا آریہ خیالات کے زیر اثر آ کر دین سے متنفر ہو رہا تھا حتیٰ کہ اس نے گوشت کھانا بھی چھوڑ دیا تھا۔ رشتہ دار اسے بیگم شاہی مسجد کے امام کے پاس لے گئے۔ اس مسجد پر ایک بورڈ بھی آویزاں تھا جس پر لکھا ہوا تھا کہ اس مسجد میں کوئی مرزائی یا وہابی نماز نہ پڑھے۔ خیر جب اسے مولوی صاحب کے سامنے پیش کیا گیا تو مولوی صاحب اسے دلائل سے سمجھانے کی بجائے اسے گالیاں دینے لگ گئے اور غصہ میں آ کر اس لڑکے کو پیٹنا شروع کر دیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ لڑکا دین حق سے اور متنفر ہو گیا۔ انہی ایام میں اس کا گزر موتی بازار سے ہوا۔ وہاں ایک احمدی مسمی احمد دین صاحب ڈوری باف کی دکان تھی احمد دین صاحب کو جب اس کے حالات کا علم ہوا تو وہ اس کا گھر دیکھنے کے لئے اس کے پیچھے پیچھے ہو لئے۔ بعد ازاں انہوں نے مجھے تمام تفصیلات سے آگاہ کیا۔ ہم نے اس لڑکے کے ساتھ دوستانہ تعلقات پیدا کئے۔ اور ایسٹر کی رخصتوں میں مَیں اسے قادیان لے گیا۔ حضرت خلیفہ اول اپنے مطب میں تشریف فرما تھے اور درس تدریس کا سلسلہ جاری تھا۔ میں نے اس لڑکے کو کہا کہ یہاں آپ اپنا کوئی سوال کریں۔ مگر وہ حضرت مولوی صاحب کے علم اور رعب اور ساتھ ہی سادگی کو دیکھ کر مبہوت ہو رہا تھا۔ جب اسے سوال کرنے کی جرأت نہ ہوئی تو میں نے حضرت مولوی صاحب کی خدمت میں اس کے حالات عرض کئے اور کہا کہ آریہ خیالات سے متاثر ہو کر اس نے گوشت کھانا بھی چھوڑ دیا ہے۔ حضرت مولوی صاحب جب مطب سے فارغ ہوئے تو آپ نے اپنے گھر سے دال مونگ جو غالباً پہلے ہی تیار تھی مہمان خانہ میں بھجوا دی اور مجھے کہا کہ اپنے اس دوست کو کھانے کے لئے یہ دال پیش کرنا۔ اس کے بعد ظہر کی نماز کے لئے ہم دونوں بیت مبارک میں گئے مگر اس میرے دوست نے نماز نہیں پڑھی۔ نماز کے بعد حضرت مسیح موعود بیت الذکر میں تشریف فرما ہوئے۔ بعض دوستوں نے آریوں کے سوالات ہی حضور کی خدمت میں پیش کئے جن کے حضور نے جوابات دیئے۔ میرا دوست ان جوابات کو بڑے غور سے سنتا رہا۔ میں نے اسے بھی کہا کہ آپ بھی کوئی سوال کریں مگر اس نے اس مرتبہ بھی کوئی سوال نہ کیا۔ اس کے بعد عصر کی نماز ہوئی۔ عصر کے بعد حضرت خلیفہ اول کے درس میں ہم شامل ہوئے۔ اس درس سے وہ اس قدر متاثر ہوا کہ اسے یقین نہیں آتا تھا کہ یہ قرآن مجید کی تعلیم ہے جو بیان کی جا رہی ہے۔ وہ سمجھتا تھا کہ یہ حضرت مولوی صاحب کے اپنے خیالات ہیں۔ جب آپ درس سے فارغ ہوئے تو اس میرے دوست نے حضرت مولوی صاحب سے سوال کیا کہ جب خدا تعالیٰ کی صفت رحمٰن رحیم ہے تو ایک جانور کو ذبح کر دینا یہ کہاں کی رحمانیت اور رحیمیت ہے؟ آپ نے فرمایا کہ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ اسی رحمٰن اور رحیم خدا نے ایسے جانوروں کو بھی پیدا کیا ہے جو دوسرے چھوٹے جانوروں کو اپنا لقمہ بنا لیتے ہیں۔ کیا ایسے جانور رحمٰن اور رحیم خدا کی مخلوق نہیں؟ وغیرہ وغیرہ۔

اس قسم کے جوابات سے اس پر بڑا اثر ہوا۔ مغرب وعشاء کے درمیان حضرت مسیح موعود کی مجلس عرفان میں شامل ہوئے۔ دوسرے روز پھر حضرت خلیفہ اول کے مطب جا بیٹھے اور جب ظہر کے لئے میں نے وضو کرنا شروع کیا تو پہلی مرتبہ اس نے بھی وضو کیا اور نماز میں شریک ہوا۔ اور نماز کے بعد اس نے بیعت بھی کر لی۔

(لاہور۔ تاریخ احمدیت ص 262)

اچھے لوگوں کی تلاش

حکمت کے ساتھ دعوت الی اللہ کرنے کی تلقین کرتے ہوئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

حکمت کا سب سے بڑا تقاضا یہ ہے کہ اچھے لوگوں کی تلاش کریں اور ان میں بیج بوئیں اور ایسا بیج بوئیں کہ آسمان سے اس بیج کی نشوونما کے لئے اللہ کی رحمتیں اتریں۔ گویا خدا نے اپنے ہاتھ سے وہ بیج اس دل میں لگا دیا ہو۔ یہ وہ طریق ہے جو پہلے بھی کارگر ہوا تھا۔ آج بھی ہے۔ کل بھی ہوگا لیکن اس کے لئے جس حکمت کی ضرورت ہے اس کو کام میں لائیں اچھے لوگوں کی تلاش کریں جن لوگوں سے گفتگو کرتے ہیں اگر ان میں آپ شرافت، حیا، انسانیت پائیں تو ان سے باادب درخواست کریں کہ یہ طریق (استخارہ۔ ناقل) ہے جس سے تم بھی مطمئن ہو جاؤ گے اور ہمیں بھی اطمینان ہوگا کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ تمہارے نفس کی روکیں جو پیدا ہو چکی ہیں۔ اللہ کے فضل کے سوا دور نہیں ہو سکتیں چونکہ تم نیک فطرت ہو سعید ہو اس لئے ہم توقع رکھتے ہیں خدا تمہیں ہدایت دے گا۔

(الفضل انٹرنیشنل 29 نومبر 96 ص 3)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم رانا محمد سرور صاحب چکلالہ راولپنڈی لکھتے ہیں۔ خاکسار کے والد مکرم چوہدری نبی احمد صاحب پہلوان ابن چوہدری مہر بخش صاحب آف پنڈی بھاگو ضلع سیالکوٹ مورخہ 25 جنوری 2005ء کو 94 سال کی عمر میں بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ مرحوم موصی تھے مقامی جماعت میں نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد جنازہ ربوہ لایا گیا جہاں آپ کی نماز جنازہ مورخہ 27 جنوری 2005ء کو صبح 9 بجے دفاتر صدر انجمن احمدیہ کے لان میں مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد نے پڑھائی۔ تدفین بہشتی مقبرہ میں ہوئی۔ قبر تیار ہونے پر مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد دعوت الی اللہ نے دعا کروائی۔ مرحوم 1945ء میں خود تحقیق کر کے سلسلہ عالیہ احمدیہ میں شامل ہوئے۔ دو دفعہ سیالکوٹ سے پیدل سفر کر کے قادیان جلسہ سالانہ میں شامل ہوئے۔ زندگی بھر نہایت اخلاص کے ساتھ سلسلہ اور خلافت کے فدائی اور جانثار رہے آپ مجاہد فرقان فورس بھی تھے آپ نے پسماندگان میں پانچ بیٹے چھوڑے ہیں جو سب شادی شدہ اور صاحب اولاد ہیں اور سب سلسلہ سے نہایت درجہ اخلاص اور فدائیت کا تعلق رکھتے ہیں۔ احباب جماعت سے مرحوم کی مغفرت و بلندی درجات اور جملہ لواحقین کو صبر جمیل ملنے کیلئے درخواست دعا ہے۔ آمین

مکرمہ امۃ الحفیظ ارشد صاحبہ زوجہ مکرم محمد ارشد نعیم صاحب چک نمبر 109 ر۔ب مسعود آباد ضلع فیصل آباد لکھتی ہیں۔ میری ساس محترمہ صغراں بی بی صاحبہ زوجہ محترم محمد اقبال صاحب سابق امیر حلقہ مسعود آباد سول ہسپتال فیصل آباد میں چھ دن زیر علاج رہنے کے بعد 3 جنوری 2005ء کو وفات پا گئیں۔ آپ کی عمر تقریباً 68 سال تھی۔ آپ نے 1992ء میں بیعت کی تھی۔ بیعت سے قبل جماعت کی شدید مخالف تھیں۔ لیکن بیعت کے بعد انتہائی مخلص احمدی خاتون ثابت ہوئیں۔ آپ کی نماز جنازہ 4 جنوری 2005ء کو مکرم ملک محمد اکرام صاحب مربی حلقہ نے پڑھائی اور مقامی قبرستان میں تدفین ہوئی۔ نماز جنازہ میں مقامی جماعت کے علاوہ حلقہ کی کئی جماعتوں سے افراد نے شمولیت کی۔ قبر کی تیاری کے بعد مکرم مربی صاحب موصوف نے ہی دعا کروائی۔ آپ نے پسماندگان میں چھ بیٹے اور چار بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ جو اللہ کے فضل سے سب حیات اور صاحب اولاد ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم سلطان احمد ڈوگر صاحب مینیجر ضیاء الاسلام پریس لکھتے ہیں۔ مکرم چوہدری رشید احمد صاحب ولد مکرم چوہدری عبدالرحمٰن صاحب ٹاؤن شپ لاہور 12 فروری 2005ء بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ مرحوم موصی تھے اسی روز جنازہ ربوہ لایا گیا اور بعد نماز عصر بیت مبارک میں مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد نے نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی مرحوم نے بیوہ کے علاوہ دو بیٹے مکرم شاہد احمد صاحب اور مکرم عامر احمد صاحب اور تین بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ اور لواحقین کو صبر جمیل بخشے۔

اعلان دارالقضاء

(مکرم مشہود احمد صاحب بابت ترکہ مکرم غلام مصطفیٰ صادق صاحب)

مکرم مشہود احمد صاحب سکنہ 3/7 دارالصدر نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم غلام مصطفیٰ صادق صاحب ابن مکرم سکندر علی صاحب بقضائے الٰہی وفات پا چکے ہیں۔ قطعہ نمبر 3/7 دارالصدر غربی برقبہ 1 کنال 3.1 مرلہ ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ یہ قطعہ میرے بھائی مکرم مسعود احمد اور خاکسار دونوں کے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

(1) محترمہ ممتاز بیگم صاحبہ (بیٹی) وفات یافتہ
(2) مکرمہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ (بیٹی)
(3) محترمہ بشریٰ منیر صاحبہ (بیٹی)
(4) مکرم مسعود احمد صاحب (بیٹا)
(5) مکرم مشہود احمد صاحب (بیٹا)
(6) محترمہ مسعودہ بیگم صاحبہ (بیٹی)

محترمہ ممتاز بیگم صاحبہ (وفات یافتہ) کے ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

(i) مکرم اکرام الحق صاحب (بیٹا)
(ii) مکرم عطاء الحق صاحب (بیٹا)
(iii) مکرم نعیم احمد صاحب (بیٹا)
(iv) مکرم سلیم احمد صاحب (بیٹا)
(v) مکرم وسیم احمد صاحب (بیٹا)
(vi) مکرم ندیم احمد صاحب (بیٹا)
(vii) محترمہ شاہدہ طاہر صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

رشتہ ناطہ سے متعلق چند ضروری ہدایات

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

شادی کے اغراض ومقاصد

حضرت مسیح موعود شادی کی غرض وغایت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:-

''ہمیں قرآن نے تو یہ تعلیم دی ہے کہ پرہیزگار رہنے کی غرض سے نکاح کرو۔ اور اولاد صالح طلب کرنے کیلئے دعا کرو جیسا کہ وہ اپنی پاک کلام میں فرماتا ہے...... یعنی چاہئے کہ تمہارا نکاح اس نیت سے ہو کہ تا تم تقویٰ اور پرہیزگاری کے قلعہ میں داخل ہو جاؤ۔۔۔ اور محصنین کے لفظ میں یہ بھی پایا جاتا ہے کہ جو شادی نہیں کرتا وہ نہ صرف روحانی آفات میں گرتا ہے بلکہ جسمانی آفات میں بھی مبتلا ہوجاتا ہے۔ سو قرآن کریم سے ثابت ہوتا ہے کہ شادی کے تین فائدے ہیں۔ ایک عفت اور پرہیزگاری، دوسری حفظ صحت، تیسری اولاد''۔

(آریہ دھرم۔ روحانی خزائن جلد 10 صفحہ 22)

پس شادی کی مذکورہ بالا اغراض ومقاصد کے پیش نظر ہی آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ:-

نکاح کرنا میری سنت ہے۔ پس جس نے بھی میری سنت سے (جان بوجھ کر بغیر کسی عذر کے) اعراض کیا۔ پس اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔

ہمارے دین نے نہ صرف شادی کرنا ضروری قرار دیا ہے بلکہ کامیاب ازدواجی زندگی کے حصول کیلئے بھی ہماری رہنمائی فرمائی ہے۔ جس پر عمل کرکے ہم کامیاب ازدواجی زندگی گزار سکتے ہیں۔

انتخابِ رشتہ

رشتہ کے انتخاب کے بارہ میں ہمارے دین نے جو اصولی رہنمائی ہماری کی ہے وہ تمام بھلائیوں اور خیر کی جڑھ ہے۔ جس کے متعلق حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ:-

ہر اک نیکی کی جڑ یہ اتقاء ہے
اگر یہ جڑ رہی سب کچھ رہا ہے

نکاح کے موقعہ کیلئے جن آیات کا آنحضور ﷺ نے انتخاب فرمایا ہے ان میں بھی بار بار تقویٰ کا ذکر ہے۔ اسی طرح ہمارے پیارے نبی ﷺ نے انتخاب رشتہ کے بارہ میں جو ہدایات دی ہیں ان میں بھی دین کا پہلو مقدم رکھنے کا ذکر ہے۔ آپؐ فرماتے ہیں:۔

(1) عورت سے نکاح چار باتوں کو مدنظر رکھ کر کیا جاتا ہے۔ اس کے مال ودولت کی وجہ سے یا حسب ونسب کی وجہ سے یا پھر اس کے حسن وجمال کی وجہ سے اور چوتھے اس کی دینداری کی وجہ سے۔ (آخر میں آپ نے نصیحت فرمائی کہ) تو دیندار عورت کو ترجیح دے اور اس سے نکاح کرکے اپنی زندگی کو کامیاب کر۔ ورنہ تیرے ہاتھ ہمیشہ خاک آلودر ہیں گے۔

(بخاری کتاب النکاح)

(2) حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا دنیا ساری کی ساری متاع ہے اور اس دنیا کی بہترین متاع نیک اور صالح عورت ہے۔

(3) حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جب تمہیں کوئی ایسا پیغام رشتہ کے بارہ میں ملے جس کا دین اور اخلاق تمہیں پسند ہوں (یعنی نوجوان یا خاندان جنہوں نے پیغام بھیجا) تو اس کے ساتھ شادی کردو اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو زمین میں بہت بڑا فساد پیدا ہوجائے گا۔

(ترمذی)

(4) حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''رشتہ ناطہ میں صرف یہ دیکھنا چاہئے کہ جس سے نکاح کیا جاتا ہے وہ نیک بخت اور نیک وضع آدمی ہے اور کسی ایسی آفت میں مبتلا نہیں جو موجب فتنہ ہو۔ اور یاد رکھنا چاہئے کہ (۔) میں قوموں کا کچھ لحاظ نہیں صرف تقویٰ اور نیک بختی کا لحاظ ہے۔''

(مجموعہ اشتہارات جلد 1 صفحہ 70)

(5) رشتہ کے انتخاب کے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''رشتہ خواہ بیٹی کا پیش نظر ہو یا بیٹے کا یا کسی اور عزیز کا ہر صورت میں ماں باپ کی یہ پہلی اور بنیادی ذمہ داری ہے کہ رشتہ کے مسئلہ کا انتہائی عاجزانہ دعا کے ساتھ آغاز کریں۔ دعاؤں کو رشتہ میں بہت اہمیت ہے اور دعاؤں کا اثر اولاد پر بہت دور تک پڑتا ہے''۔

(الفضل 20 ؍اگست 2002ء)

(6) نیز فرمایا:۔

''شکل وصورت کو غیر معمولی اہمیت دینا آپ کیلئے نقصان دہ ہے۔ میں آپ کے فائدے کی بات کررہا ہوں۔ اگر اچھی شکل مل جائے تو بہت بہتر ہے لیکن اگر نہ ملے تو حسن خلق اور دین کو بہرحال ترجیح دینی چاہئے ورنہ بعض اوقات تو لڑکیاں پھر انتظار میں بیٹھی رہتی ہیں۔ کہ ماں باپ اچھا رشتہ تلاش کررہے ہیں ان کا معیار اور ہے اور اس معیار کے رشتے ملتے نہیں ان کو، یہاں تک کہ بڑی بڑی گھروں میں بوڑھیاں ہوجاتی ہیں۔''

(الفضل 20 ؍اگست 2002ء)

رشتہ کا معیار

بعض لوگ رشتہ کے انتخاب کے وقت ظاہری معیار کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ اس سلسلہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''بعض لوگ اپنے معیار سے اونچا چاہتے ہیں بعض لڑکیاں بڑی ہورہی ہیں۔ اور معیار سے اونچے رشتے کی تمنا میں بیٹھی رہتی ہیں اپنا معیار بھی تو دیکھیں کیا ہے۔ اسی کے برابر رشتہ بھی قبول کریں اور بعض جگہ یہ ظلم ہورہا ہے کہ خدا تعالیٰ نے ولی تو باپ کو بنایا ہے لیکن ماں باپ کے اوپر سوار ہوتی ہے اور لڑکیاں بھی اپنی ماں کی طرف داری کررہی ہیں۔ اور ایسی لڑکیاں سوائے اس کے کہ گھر بیٹھے بڈھی ہوجائیں اور ان کا کیا علاج کیا جائے۔ اونچے معیار بنائے ہوئے ہیں آخر اگلے نے بھی تو معیار دیکھنا ہے۔ جس نے لڑکی ڈھونڈنی ہے، وہ بھی تو کوئی معیار چاہتا ہے۔ تو یک طرفہ معیار کا جو اونچے معیار کا مطالبہ ہے یہ بہت بڑا گناہ ہے۔ بلکہ ہماری شادی کے رشتوں میں بہت بڑی ایک لعنت ہے۔ اس کو ختم کرنا چاہئے۔ اور ولی خدا نے ماں کو نہیں بنایا ولی باپ کو بنایا ہے۔ اس لئے باپ جہاں شادی کرنا چاہتا ہے اس میں ماں کو چاہئے وہ ہرگز دخل اندازی نہ کرے اور اپنی بیٹیوں کو بھی سمجھائے کہ باپ آخر تمہارا دشمن نہیں۔ خدا نے اس کو ولی مقرر کیا ہے۔ جس جگہ بھی وہ چاہتا ہے وہاں شادی کرلو۔ ورنہ گھر بیٹھی بیٹھی بڈھی ہوجاؤ گی اور کوئی تمہیں نہیں پوچھے گا''۔ (الفضل 28 مارچ 2001ء)

شادی میں تاخیر کرنا جائز نہیں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''والدین ان کی شادی کی پرواہ نہیں کرتے۔ جبکہ لڑکا شادی کی عمر کو پہنچ کر اپنے پاؤں پر بھی کھڑا ہوچکا ہوتا ہے۔ وہ دیر کرتے رہتے ہیں کہ لڑکے کا کیا ہے۔ لڑکے کا کیوں نہیں ہے۔ لڑکے کی بھی جلدی شادی ہونی چاہئے۔ میرا تجربہ ہے کہ اگر شادی جلد کردی جائے تو لڑکا بھی دیر تک جوان رہتا ہے اور لڑکی بھی دیر تک جوان رہتی ہے۔''

''بعض والدین اپنی بچیوں کی عمریں برباد کردیتے ہیں کہ چھوٹی ہے جی اور بعض ان سے کام لیتے ہیں اس لئے کہ چھوٹے بچوں کی تربیت ان کے تعلیمی اخراجات پورے کئے جاسکیں۔ یہ بھی بہت بڑا گناہ ہے کہ کسی بڑی لڑکی بے چاری کو قربانی کا بکرا بنایا جائے''۔ (الفضل 28 مارچ 2001ء)

نیز شوریٰ 1997ء کے موقع پر فرمایا:-

''بعض لڑکیوں کو ان کے والدین نظر انداز کررہے ہیں۔ والدین انہیں اچھی نرسیں یا اچھی انتظامی افسر بنارہے ہیں۔ لیکن اچھی بیویاں نہیں بنارہے۔ وہ آپ کو تنبیہی پیغام بھجوائیں کہ یہ وہ لڑکیاں ہیں جن کیلئے مستقبل میں مشکلات پیدا ہوں گی۔ تب والدین کو یہ بتایا جائے کہ اب ان کا خیال کریں یا بعد میں ان کے رشتہ کا خیال بھول جائیں''۔

(مجلس شوریٰ انٹرنیشنل 28 ؍جولائی 1997ء)

غیر قوموں میں رشتہ نہ کرنا

یہ بھی ایک رسم ہے کہ غیر قوم میں رشتہ نہ کیا جائے۔ سیّد ہے تو وہ غیر سیّد کو رشتہ نہ دے نہ لے۔ راجپوت ہیں تو راجپوتوں کو ہی پسند کرتے ہیں۔ جاٹ ہیں تو جاٹوں سے باہر لڑکی دینا اور لینا معیوب سمجھتے ہیں۔ اونچی ذات برادری کے پیچھے عمریں خراب ہوجاتی ہیں۔ سبق تو ہمیں تقویٰ کا ملا ہے۔ لیکن عمل اس کے بالکل برعکس ہے۔ اگر کوئی سیّد کسی اور ذات والے یا راجپوت کسی پرائے کو لڑکی دیتا ہے تو ذات برادری والے اسے سادات کی فہرست سے ہی خارج کردیتے ہیں۔ دراصل یہ اصول اور قوانین ہمارے اپنے ہی وضع کئے ہوئے ہیں۔ دین میں ان کا وجود نہیں۔ خود آپؐ نے قریش میں بھی شادی کی اور غیر قریش میں بھی کی، بنی اسرائیل میں بھی کی۔ حضرت مسیح موعود نے تو اسے تکبر اور تقویٰ کے خلاف عمل قرار دیا ہے۔

آپ فرماتے ہیں:۔

''اللہ تعالیٰ نے نکاح کے جو محرکات بیان فرمائے ہیں ان میں کسی جگہ نہیں لکھا کہ مومن کیلئے سیّد زادی حرام ہے۔ علاوہ ازیں نکاح کے واسطے طیّبات کو تلاش کرنا چاہئے۔ اس لحاظ سے سیّد زادی کا ہونا بشرطیکہ تقویٰ و طہارت کے لوازمات اس میں ہوں افضل ہے۔''

''ہماری قوم میں یہ بھی ایک نہایت بد رسم ہے کہ دوسری قوم کو لڑکی دینا پسند نہیں کرتے۔ بلکہ حتی الوسع لینا بھی پسند نہیں کرتے۔ یہ سراسر تکبر اور نخوت کا طریق ہے جو سراسر احکام شریعت کے برخلاف ہے۔ بنی آدم سب خدا تعالیٰ کے بندے ہیں۔ رشتہ ناطہ میں صرف یہ دیکھنا چاہئے کہ جس سے نکاح کیا جاتا ہے وہ نیک بخت اور نیک وضع آدمی ہے اور کسی ایسی آفت میں مبتلا نہیں جو موجب فتنہ ہو۔ اور یاد رکھنا چاہئے کہ...... میں قوموں کا کچھ بھی لحاظ نہیں۔ صرف تقویٰ اور نیک بختی کا لحاظ ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ...... یعنی تم میں سے خدا تعالیٰ کے نزدیک زیادہ تر بزرگ وہی ہے جو زیادہ تر پرہیزگار ہے''۔

(مجموعہ اشتہارات جلد 1 صفحہ 71)

بیوہ یا مطلقہ کی شادی

بعض لوگ بیوہ یا مطلقہ کی شادی کرنے کو پسند نہیں کرتے۔ اس سلسلہ میں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''اگر کسی عورت کا خاوند مرجائے تو گو وہ جوان ہی ہو، دوسرا خاوند کرنا ایسا برا جانتی ہے جیسا کوئی بڑا بھاری گناہ ہوتا ہے اور تمام عمر بیوہ اور رانڈ رہ کر یہ خیال کرتی ہے کہ میں نے بڑے ثواب کا کام کیا ہے اور پاک دامن بیوی ہوگئی ہوں۔ حالانکہ اس کیلئے بیوہ رہنا سخت گناہ کی بات ہے۔ عورتوں کیلئے بیوہ ہونے کی حالت میں خاوند کرلینا نہایت ثواب کی بات ہے۔ ایسی عورت حقیقت میں بڑی نیک بخت اور ولی ہے جو بیوہ ہونے کی حالت میں بُرے خیالات سے ڈر کر کسی سے نکاح کرلے اور نابکار عورتوں کے لعن طعن سے نہ ڈرے۔ ایسی عورتیں جو خدا اور رسولؐ کے حکم سے روکتی ہیں۔ خود لعنتی اور شیطان کی چیلیاں ہیں۔ جن کے ذریعہ سے شیطان اپنا کام چلاتا ہے۔ جس عورت کو اللہ اور رسولؐ پیارا ہے اس کو چاہئے کہ بیوہ ہونے کے بعد کوئی ایماندار اور نیک بخت خاوند تلاش کرے اور یاد رکھے کہ خاوند کی خدمت میں مشغول رہنا بیوہ ہونے کی حالت کے وظائف سے صدہا درجہ بہتر ہے''۔

(مجموعہ اشتہارات جلد 1 صفحہ 68)

تعدد ازدواج کی اجازت کی حکمت

حضرت مسیح موعود نے فرمایا:۔

''عورتوں میں یہ بھی ایک بدعادت ہے کہ جب کسی عورت کا خاوند کسی اپنی مصلحت کیلئے کوئی دوسرا نکاح کرنا چاہتا ہے تو وہ عورت اور اس کے اقارب سخت ناراض ہوتے ہیں اور گالیاں دیتے اور شور مچاتے ہیں اور اس بندہ خدا کو ناحق ستاتے ہیں۔ ایسی عورتیں اور ایسے ان کے اقارب بھی نابکار اور خراب ہیں۔ کیونکہ اللہ جلشانہ نے اپنی حکمت کاملہ سے جس میں صدہا مصالح ہیں، مردوں کو اجازت دے رکھی ہے کہ وہ اپنی کسی ضرورت یا مصلحت کے وقت چار تک بیویاں کرلیں۔ پھر جو شخص اللہ رسولؐ کے حکم کے مطابق کوئی نکاح کرتا ہے تو اس کو کیوں بُرا کہا جائے۔ ایسی عورتیں اور ایسے ہی اس عادت والے اقارب جو خدا اور اس کے رسول کے حکموں کا مقابلہ کرتی ہیں، نہایت مردود اور شیطان کی بہنیں اور بھائی ہیں۔ کیونکہ وہ خدا اور رسولؐ کے فرمودہ سے منہ پھیر کر اپنے رب کریم سے لڑائی کرنا چاہتے ہیں۔ اور اگر کسی نیک دل (۔) کے گھر میں ایسی بدذات بیوی ہو تو اسے مناسب ہے کہ اس کو سزا دینے کیلئے دوسرا نکاح ضرور کرے''

(مجموعہ اشتہارات جلد 1 صفحہ 70)

اسی طرح فرمایا:۔

''بعض جاہل (۔) اپنے ناطہ رشتہ کے وقت یہ دیکھ لیتے ہیں کہ جس کے ساتھ اپنی لڑکی کا نکاح کرنا منظور ہے اس کی پہلی بیوی بھی ہے یا نہیں۔ پس اگر پہلی بیوی موجود ہو تو ایسے شخص سے ہرگز نکاح کرنا نہیں چاہتے۔ سو یاد رکھنا چاہئے کہ ایسے لوگ صرف نام کے (۔) ہیں اور ایک طور سے وہ ان عورتوں کے مددگار ہیں جو اپنے خاوندوں کے دوسرے نکاح سے ناراض ہوتی ہیں۔ سو ان کو بھی خداتعالیٰ سے ڈرنا چاہئے''۔

رشتہ طے کرنے سے قبل لڑکی کو دیکھنا

ہر چند کہ ہمارے مذہب میں اپنی ہونے والی شریک حیات کو نکاح سے قبل دیکھنے کی اجازت ہے تاہم ہر معاشرے کی کچھ معاشرتی و اخلاقی قدریں ہوتی ہیں۔ جن کا لحاظ رکھنا بھی ضروری ہوتا ہے۔ نیز دین حق میں شرم و حیا کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ اور حیا کو مومن کا زیور قرار دیا گیا ہے۔ لہٰذا کسی لمحے بھی شرم و حیا کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہئے۔

اسی طرح ہمارے مذہب میں دوسروں کے جذبات کا لحاظ رکھنا بھی ضروری اور موجب ثواب ہے۔ کسی لڑکی کو لڑکے کے سامنے بٹھا کر دکھلا دینے کے بعد ناپسندیدگی کا اظہار انتہائی نامناسب ہے۔ جس سے لڑکی اور اس کے والدین کے جذبات مجروح ہوتے ہیں اور لڑکی احساس کمتری کا شکار ہوسکتی ہے۔

لہٰذا کسی ایسی صورتحال سے بچنے کیلئے درج ذیل طریق اور ذرائع اختیار کئے جاسکتے ہیں۔

1۔ کسی بھی لڑکی کا رشتہ دیکھنے کی نیت سے ان کے گھر جانے سے پیشتر اس گھرانے اور لڑکی کے متعلق عمومی معلومات (عمر، تعلیم، قومیت، قد، رنگ، شکل و صورت، دینی حالت، مالی حالات وغیرہ) بعض مناسب ذرائع سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ ان تمام پہلوؤں سے تسلی کرلینے کے بعد کسی کے گھر جانا چاہئے۔

2۔ لڑکے کی والدہ اور بہنوں، بھابھیوں کو عموماً لڑکے کی پسند کا علم ہوتا ہے۔ مذکورہ بالا معلومات حاصل کرنے کے بعد لڑکی کے گھر رشتہ دیکھنے جائیں۔ اور مذکورہ بالا تمام پہلوؤں سے والدین اور اہل خانہ کو لڑکی پسند آجائے تو لڑکے کو لڑکی کی تصویر، وڈیو یا مناسب انتظام کے تحت لڑکی دکھلائی بھی جاسکتی ہے۔

3۔ نکاح سے قبل لڑکے لڑکی کا بے تکلف ہونا اور خلوت میں ملنا کسی طور پر مناسب نہیں ہے۔

4۔ بعض لوگ بیرون ملک رشتے کے جھانسے میں آکر تمام معاشرتی قدروں کو بالائے طاق رکھ دیتے ہیں اور شادی سے قبل لڑکے لڑکی کے اختلاط کی پرواہ نہیں کرتے۔ مگر جب رشتہ طے نہیں ہوتا تو پھر شکایات پیدا ہوتی ہیں۔

5۔ کسی بھی رشتے کو کامیاب اور مبارک بنانے کیلئے سب سے بنیادی چیز دعا، تقویٰ اور دینداری و سیرت کو مقدم رکھنا ہے۔ باقی تمام چیزیں ثانوی حیثیت رکھتی ہیں۔ لہٰذا رشتہ کی تلاش میں ہمیشہ دینی پہلو کو غالب رکھنا چاہئے۔

6۔ بعض لوگ بغیر تفصیلی معلومات حاصل کئے رشتہ دیکھنے چلے جاتے ہیں کہ چلو کوئی بات نہیں نہ پسند آیا تو چاۓ ہی سہی۔ یہ بات بچی والوں کیلئے بہت اذیت ناک ہوتی ہے۔ اس لئے صرف اس صورت میں ہی رشتہ دیکھنے جائیں جب تمام ظاہری کوائف آپ کو پسند آچکے ہوں۔

7۔ والدین کو چاہئے کہ لڑکے والوں کے آنے سے قبل احتیاطاً لڑکی کو لڑکے اور اس کے خاندان سے متعلق مکمل کوائف اور معلومات بتا کر اس کی رضامندی بھی حاصل کرلی جائے۔

اسی طرح لڑکے کو بھی لڑکی اور اس کے والدین کے جملہ کوائف بتا کر اس کی رضامندی بھی حاصل کرلینی چاہئے تاکہ بعد میں کوئی مسئلہ پیدا نہ ہو۔

دفتر رشتہ ناطہ

رشتہ ناطہ کے سلسلہ میں احباب جماعت کی سہولت کیلئے نظارت اصلاح و ارشاد مرکزیہ کے تحت دفتر رشتہ ناطہ قائم ہے۔ جس کا ایک انچارج ہوتا ہے۔ اس دفتر کا کام نکاح فارمز کا اندراج، ریکارڈ اور میرج سرٹیفکیٹ مہیا کرنا ہے۔ اسی طرح خلع و طلاق کی صورت میں خلع و طلاق کا سرٹیفکیٹ مہیا کرنا ہے۔

نیز ایسے احباب جن کو اپنے لڑکے یا لڑکی کیلئے رشتہ درکار ہو وہ اپنے کوائف اس دفتر میں جمع کروا کر حسب ضرورت رشتہ کے حصول میں یہاں سے راہنمائی حاصل کرسکتے ہیں۔ کیونکہ اس دفتر میں قابل شادی مرد و زن کے کوائف کا ریکارڈ موجود ہوتا ہے۔ مگر اس سلسلہ میں عموماً دیکھا گیا ہے کہ لوگ دفتر رشتہ ناطہ میں اپنی بچیوں کے کوائف تو جمع کروا دیتے ہیں مگر قابل شادی لڑکوں کے کوائف جمع نہیں کرواتے۔ جس کی وجہ سے دفتر کو راہنمائی کرنے میں مشکلات پیش آتی ہیں۔ جس کا ذکر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے بھی ایک موقع پر فرمایا ہے۔ فرمایا:۔

''احباب لڑکوں کے کوائف نہیں بھیجتے جبکہ لڑکیوں کے کوائف دے دیتے ہیں۔ لڑکوں کے اپنی مرضی سے اور لڑکیاں میرے ذمہ۔ یہ تو انصاف کی بات نہیں ہے اپنے لڑکوں کے بھی کوائف دیا کریں اور لڑکیوں کے بھی دیا کریں اور اس سلسلہ میں مجھے سہولت بھی ہو جائے گی، ان کے رشتے تلاش کرنے میں''۔

(الفضل 28 مارچ 2001ء)

لہٰذا احباب کو اپنے قابل شادی لڑکوں کے کوائف بھی دفتر کو فراہم کرنے چاہئیں تاکہ دفتر رشتہ ناطہ بہتر رنگ میں ضرورتمند افراد کی راہنمائی اور مدد کرسکے۔

ہدایات برائے فارم نکاح

نکاح فارم پر کرنے سے قبل درج ذیل ہدایات کو ضرور پڑھ لیا جائے۔

1۔ لڑکی کا ولی حقیقی والد ہوتا ہے۔

2۔ والد اگر فوت شدہ ہو تو علی الترتیب دادا، سگا بھائی، سوتیلا بھائی، چچا وغیرہ قریبی عصبات (جدی رشتہ دار) عاقل بالغ عورت کے ولی ہوسکتے ہیں۔ اگر کسی موقعہ پر ولایت کے سلسلہ میں کوئی مسئلہ درپیش ہو تو اعلان نکاح سے قبل نظارت امور عامہ ربوہ سے تحریری اجازت حاصل کی جائے کہ فلاں شخص لڑکی کا ولی ہوگا۔

3۔ اگر ولی نکاح کے موقعہ پر خود حاضر نہ ہوسکتا ہو تو اپنی طرف سے کسی کو وکیل مقرر کردے۔ لیکن ولی کے خانے میں خود ولی کے ہی دستخط ہوں گے۔ جس کیلئے فارم پر جگہ مقرر ہے۔ نیز لڑکا بھی اگر نکاح کے موقع پر خود حاضر نہ ہوسکتا ہو تو اپنی طرف سے کسی کو وکیل مقرر کرسکتا ہے۔ اس کیلئے بھی فارم پر جگہ مقرر ہے۔

4۔ لڑکی کے دو گواہ لڑکی کے ولی کے علاوہ ہونے چاہئیں۔

5۔ حضرت مصلح موعود نے مہر کی مقدار لڑکے کی چھ ماہ سے ایک سال تک آمدن بیان فرمائی ہے اس کی پابندی ہونی چاہئے۔

6۔ لڑکا اور لڑکی جہاں جہاں رہائش رکھتے ہوں اسی جماعت یا حلقہ کے امیر / صدر کی تصدیق کرانی ضروری ہے اور امیر / صدر کے دستخط کے علاوہ اگر مُہر میسر ہو تو استعمال کی جائے۔ لڑکے اور لڑکی کے بیرون ملک ہونے کی صورت میں متعلقہ ملک کے امیر کی تصدیق ضروری ہے نہ یہ کہ جہاں ان کا آبائی گھر وغیرہ ہے وہاں سے تصدیق کرائی جائے۔ اگرچہ لڑکا یا لڑکی نکاح کے وقت موجود ہوں تب بھی ان کی تصدیق ان کے متعلقہ ملک کے امیر کی طرف سے ہونی ضروری ہے۔ یاد رہے کہ بیرون ملک لوکل صدر جماعت کی نہیں بلکہ امیر ملک کی تصدیق (معہ مہر) مطلوب ہے۔

7۔ اگر لڑکے یا لڑکی کا یہ نکاح اوّل نہ ہو تو مصدقہ طلاق نامہ / خلع نامہ فارم نکاح کے ساتھ لگانا ضروری ہے۔ خلع کے سلسلہ میں یاد رہے کہ جماعت کی طرف سے منظور شدہ قاضی کے فیصلہ کے بغیر خلع کی کارروائی مکمل نہیں ہوسکتی۔

8۔ ربوہ میں نکاح پڑھے جانے کی صورت میں دفتر رشتہ ناطہ نظارت اصلاح و ارشاد سے قبل از وقت اجازت لینا ضروری ہے۔ اور لڑکی کے ولی اور گواہوں کا دفتر میں آنا ضروری ہے۔

9۔ تاریخ اعلان نکاح سے مناسب وقت قبل نکاح فارم مکمل ہونا چاہئے تاکہ اگر فارم نکاح میں کوئی کمی یا خامی پائی جائے تو درستی کیلئے وقت کی گنجائش ہو۔

10۔ فارم نکاح پر لڑکے اور لڑکی کے کوائف (نام، تاریخ پیدائش / عمر وغیرہ) شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کے مطابق درج کرنے چاہئیں۔

11۔ نکاح فارم کے چار اصل پرت مکمل کرنے ضروری ہیں۔

12۔ نکاح فارم کے متعلقہ خانے خوشخط، صاف اور احتیاط سے پر کئے جائیں۔ کوشش کی جائے کہ قلم ایک ہی استعمال کیا جائے۔ حق مہر الفاظ اور اعداد دونوں صورتوں میں لکھا جائے۔ تصحیح (Overwriting) کی صورت میں متعلقہ افراد دستخط بھی ہمراہ کریں۔

13۔ اعلان نکاح کے بعد ایک ماہ کے اندر

(باقی صفحہ 5 پر)

عبدالباسط بٹ صاحب

محترم چوہدری بشیر احمد صاحب امیر ضلع شیخوپورہ

مکرم چوہدری صاحب سے میرا تعلق 1989ء کے شروع میں ہوا۔ جب میں تلاش روزگار کے لئے گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ سے شیخوپورہ چلا آیا۔ اس سے قبل چوہدری محمد انور حسین صاحب کی شخصیت، جماعتی خدمات، سیاسی بصیرت، خلفاء سلسلہ کے ساتھ ذاتی تعلق اور جماعتی کارگزاری کا مداح تھا۔

حضرت چوہدری محمد انور حسین صاحب سے مکرم مغفور احمد صاحب قمر مربی ضلع شیخوپورہ نے گوجرہ کے حوالے سے تعارف کروایا تو انہوں نے کمال شفقت کا سلوک فرماتے ہوئے جماعتی خدمت کے لئے میری درخواست قبول کر لی۔ حضرت چوہدری صاحب کے ساتھ خاکسار جماعتی دورہ جات کے سلسلہ میں ضلع بھر میں گیا۔ اوران کی شخصیت سے اور زیادہ مرعوب ہو گیا اور ان سے دعائیں لینے کا مورد بن گیا۔

جب حضرت چوہدری انور حسین صاحب فراش ہو گئے تب بہت سی ذمہ داری مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب کے کندھوں پر آن پڑی۔ خاکسار کو جو پہلے ہی حضرت چوہدری صاحب کے مداحوں میں شامل تھا ان کے اکلوتے فرزند سے بھی مستفیض ہونے کا موقع مل گیا۔ چوہدری صاحب سے کبھی کبھی ملاقات رہتی تو جماعتی کاموں میں رغبت کی تلقین ہی کرتے۔ اس طرح مرحوم چوہدری صاحب کے ساتھ جماعتی کام کا موقع مل گیا اور تعلق بڑھ گیا اور رابطہ روزانہ ہی ہونے لگا۔ چوہدری صاحب مرحوم آغاز سے ہی جماعتی کاموں کو اولیت دینے لگے اوران کی دلچسپی اس وقت زیادہ ہو گئی جب خط و کتابت ایک احسن طریق سے مرکز اور ضلع سے مربوط ہو گئی صبح کا وقت جماعتی ڈاک کے لئے مخصوص تھا۔ اس وقت مکرم قریشی سعید احمد صاحب اظہر مربی ضلع شیخوپورہ بھی چوہدری صاحب کی معاونت کے لئے ہمہ تن تیار ہوتے۔ اور ہم دونوں مل کر جماعتی ڈاک اور پروگراموں کو ضلع بھر میں پھیلا دیتے۔ نماز جمعہ کے موقع پر تمام احباب جماعت شہر و ضلع سے تشریف لاتے اپنا اپنا مسئلہ بیان کرتے ہر فرد جماعت کے ساتھ چوہدری صاحب مرحوم کا ایک محبت بھرا انداز تھا۔ ان سے پوچھتے کیا حال ہے بچوں کا کیا حال ہے کاشتکاری کیسی ہے۔ جو کام میں نے کہا تھا اس کا کیا نتیجہ نکلا۔ گویا تمام معاملہ کو ذاتی سمجھ کر اس کا حل نکالنا ان کا وطیرہ تھا۔ جماعتی معاملات کو گہری سوچ اور انتہائی توجہ کے ساتھ حل کرتے اور اس بارہ میں مرکز سلسلہ کو فوری مطلع کرتے۔ اور اپنے ذاتی مراسم کو جماعت کے حق میں استعمال کرتے اوران تعلقات کی وجہ سے بعض اوقات مفید معلومات میسر آتیں ان کو مرکز سلسلہ میں پہنچاتے اوران معلومات سے سود مند نتیجہ نکلتا۔

جس طرح حضرت چوہدری محمد انور حسین صاحب کی زندگی خلافت سے محبت خلفاء سلسلہ سے عقیدت اور نظام جماعت کی اطاعت سے بھری پڑی ہے۔ ان کی خصوصیات ان کے اکلوتے فرزند میں نظر آتی ہیں۔ اس نیک اور بزرگ باپ نے اپنے بیٹے کے لئے جو دعائیں کی تھیں ان کا ثمر بھی چوہدری صاحب مرحوم میں نظر آتا ہے۔ حضرت چوہدری محمد انور حسین صاحب کی وفات پر ان کا انتخاب اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ خلیفہ وقت کو ان کے وجود میں وہ خوبیاں نظر آئیں۔ جو اس عہدہ کا خاصہ ہونی چاہئیں۔

حضرت چوہدری محمد انور حسین صاحب کی وفات پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے درج ذیل تاریخی کلمات فرمائے۔

بہت ہی مخلص اور فدائی انسان تھے اور خدا تعالیٰ نے ان کو بے شمار خوبیوں سے نوازا تھا۔ ایسی ہردلعزیز شخصیت تھی کہ اپنے کیا اور غیر کیا جو بھی ان کے قریب آتا تھا اس کا دل موہ لیتے تھے اور کسی جگہ میں نے کسی امیر ضلع کو اتنا ہردلعزیز نہیں دیکھا جتنا چوہدری انور حسین صاحب کو شیخوپورہ ہی میں نہیں اس کے گرد و پیش میں بھی دیکھا ہے۔ جب وہاں کبھی میں جاتا تھا تو دعوت دیا کرتے تھے۔ وہاں کے دانشوروں کو، حکومت کے افسر، غیر افسر، وکیل، زمیندار سب کشاں کشاں چلے آتے تھے............ سارے آیا کرتے تھے اور بے حد عزت تھی چوہدری صاحب کی ان کے دلوں میں اپنی ساری برادری پر بہت اثر رکھتے تھے ان کا مختصر تعارف یہ ہے کہ آپ ایک ایسے خاندان میں پیدا ہوئے جو احمدیت کا سخت مخالف تھا............ احمدی کب ہوئے، چودہ سال کی عمر میں، 18ء میں پیدا ہوئے اور 32 میں احمدی ہو گئے۔ وہ چھوٹا سا بچہ چودہ سال کا ایسی مصیبت میں مبتلا ہوا کہ قیامت برپا ہو گئی۔ اس خاندان پر دور دور سے چوٹی کے ہندوستان کے علماء کو بلایا گیا ان کے ساتھ مجالس لگائی گئیں۔ کہ اس کو توبہ کرا دو جب وہ کامیاب نہیں ہوئیں کوششیں اور چوہدری صاحب کو جو اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی ذہانت عطا فرمائی تھی اس سے چوہدری صاحب ہر ایک کا منہ بند کر دیتے رہے تو پھر پیروں فقیروں کے پاس لے گئے اور کہا اس پر جنتر منتر کرو کوئی دعائیں پڑھو چوہدری صاحب واقعات سنایا کرتے تھے۔ بعض پیروں نے کہا کہ اس پر کسی کا جادو نہیں چل سکتا یہ بڑی سخت ہڈی ہے۔ تو اسی حالت میں اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا بڑی (۔) کی توفیق ملی اپنے خاندان میں غیروں میں ہر جگہ احمدیت کے لئے ایک تو غیرت میں ننگی تلوار اور (۔) کے لحاظ سے ایسا میٹھا رس تھے جو دلوں کی گہرائیوں تک اترتا تھا............ احمدیت کے عاشق، مسیح موعود کے عاشق خلافت کے عاشق اور ایسی طبیعت مزے کی کہ باتیں کرتے تھے۔ تو پھول جھڑتے تھے۔ لطائف کا بہت پیارا ذوق تھا اور حاضر جوابی تو درجہ کمال کو پہنچی ہوئی تھی............ بہت ہی پیارا وجود تھا۔ حضرت مصلح موعود کے بہت پیارے تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کو بہت پیارے تھے اور مجھے بہت ہی پیارے تھے۔ بہرحال اللہ جو بلانے والا ہے وہ سب سے پیارا ہے۔ اسی پر ہماری جان ہمارا سب کچھ نثار ہو۔ اسی کے قدموں پہ ہماری روحیں فدا ہوں۔ اللہ چوہدری صاحب کی روح کو بھی غریق رحمت فرمائے اور ان کے پسماندگان کو بھی وہ خوبیاں عطا کرے جن خوبیوں کے وہ علمبردار تھے۔ آمین

(الفضل لندن 16 فروری 1996ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی دعاؤں کا ہی نتیجہ تھا کہ حضرت چوہدری صاحب کی خوبیاں مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب میں بھی آئیں۔ خلافت سے محبت اور نظام سلسلہ سے عقیدت تھی تحریک جدید اور وقف جدید میں ضلع شیخوپورہ نے نمایاں کامیابی حاصل کی۔ نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد تمام تنظیموں کے ساتھ ان کے مسائل کے بارہ میں گفتگو کرتے۔ زراعت کا شوقین ہوتا تو سیر حاصل گفتگو ہوتی۔ فیصلہ جات ہوتے تو فریقین سے ازخود سن کر اس پر فیصلہ کرتے اپنی بات نہایت مختصر اور جامع کہتے۔ اگر کوئی کھیل کا شائق ہے ان کو کھیلوں اور کھلاڑیوں کے بارہ میں سنہری اصول بتاتے اور کہتے کہ کھلاڑی اگر یہ اصول اپنائے تو کسی میدان میں مار نہیں کھا سکتا جماعت احمدیہ کے بچوں کو کھیلوں کی طرف راغب کرتے ان کو کھیلوں کا سامان مہیا کرتے اوران سے کھیلوں کے بارہ میں ہر جمعہ کو پوچھتے۔ ان کی شدید خواہش تھی کہ ہمارے بچے مختلف کھیلوں کے انٹرنیشنل کھلاڑی بنیں۔ اپنے گھر میں ٹیبل ٹینس کا کورٹ بنایا ہوا تھا۔ وہاں پر جماعت کے بچوں کو بلاتے اور ٹیبل ٹینس کھلاتے۔ احمدی کھلاڑیوں کو ضلعی صوبائی اور قومی سطح پر نمائندگی دلائی اور ہر لحاظ سے ان کی مدارات کرتے۔ مرکز سلسلہ میں مرکزی مجلس صحت کے باقاعدہ ممبر تھے۔ اور بار بار ربوہ جا کر کھلاڑیوں کو اپنی قیمتی نصائح اور اپنے تجربہ سے مستفیض کیا۔ ربوہ کے کھلاڑیوں کو اپنے کورٹ ٹیبل ٹینس میں دعوت دی اور کھیلوں کے قواعد و ضوابط سمجھائے ربوہ سے آنے والے کھلاڑیوں میں انعامات کے طور پر کھیلوں کا سامان تقسیم کیا۔ بعد میں بیٹھ کر سوشل تعلقات پر سیر حاصل گفتگو کی کہ تمام امور کے ساتھ سوشل تعلقات بہت لازمی ہیں۔ اپنے فارم میں بچوں کے ساتھ بہت شغف رکھتے۔ سکول کی چھٹی کے وقت ان کے لئے بسکٹ ٹافیاں پاس رکھتے بچوں کی ضرورت پوچھ کر ان کی ضرورت پوری کرتے اور ایک جم غفیر چھٹی کے وقت فارم پر ان کے گرد ہوتا۔ مرحوم چوہدری صاحب ایک ماہر شکاری تھے اور شکار کا شوق رکھتے تھے اور شکار کے علاقہ جات سے گہری معلومات رکھتے تھے۔ شکار پر سیر حاصل گفتگو کر سکتے تھے۔ آپ ملنسار اور ہردلعزیز شخصیت کے مالک تھے اور مختلف مکتبہ فکر کے افراد کے ساتھ ان کی ضرورت کے مطابق گفتگو کرتے اور دل موہ لیتے۔ تمام طرح کے سیاسی افراد ان کو اپنا رہنما سمجھتے تھے اور ہر سیاسی مشکل میں مکرم چوہدری صاحب مرحوم سے مشورہ لیتے اور اس پر عمل کرتے اپنے زرعی فارم پر روزانہ جاتے اور اظہار کرتے کہ وہاں رابطے کی ہر صورت کسی وقت بھی کام دے سکتی ہے۔ اس لئے فارم کی بیٹھک کو اولیت دیتے اور ہر روز اس میں ضرور شام کو موجود ہوتے اور ضرورت مند افراد کی ضروریات پوری کرتے اور ان کی رہنمائی کرتے۔ زراعت کے بارہ میں مشورہ جات دینے اور اس پر عمل درآمد کا بھی خیال رکھتے۔

1970ء میں اپنے علاقہ سے ممبر پنجاب اسمبلی منتخب ہوئے اس طرح عوام کی فلاح و بہبود کا ان کو براہ راست موقع ملا۔ چوہدری صاحب مرحوم ایک نافع الناس وجود تھے۔ جس سے تمام لوگ بشمول احباب جماعت اور غیر از جماعت برابر مستفیض ہوتے جس کا نظارہ مرحوم چوہدری صاحب کی وفات پر نظر آیا۔ جب ہر کس و ناکس اپنے پر ہونے والی نیکیوں اور نوازشات کا ذکر کر کے رو رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ ایک صاف بے باک اور باکردار شخص کی جدائی سے ہمارا علاقہ یتیم ہو گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ چوہدری صاحب مرحوم کو غریق رحمت کرے اور جنت میں اعلیٰ علیین میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

(بقیہ صفحہ 4)

اندر دفتر شعبہ رشتہ ناطہ ربوہ میں رجسٹریشن کروائی جائے۔ رجسٹریشن کیلئے چار (4) اصل پرتوں کا دفتر میں لانا ضروری ہے۔ رجسٹریشن کے بعد دو پرت دفتر میں محفوظ رہیں گے اور دو پرت فریقین کو واپس مل جائیں گے۔ اس امر کا خیال رکھا جائے کہ رجسٹریشن کیلئے فارم نکاح دفتر میں لانے سے قبل غور سے چیک کر لئے جائیں تا کہ کسی کمی بیشی کی صورت میں وقت ضائع نہ ہو۔

14۔ آج کل ایمبیسیز کی طرف سے اُردو اصل فارم کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔ اس لئے فارم اُردو میں پُر کریں۔ انگریزی ترجمہ کیلئے ایک صفحہ انگریزی فارم کا استعمال کیا جا سکتا ہے اور حسب ضرورت ترجمہ کیلئے صفحہ دیا جا سکتا ہے۔

آنکھوں کے نیچے سوجن

میڈورائینم۔ ایپس

''ایپس کی طرح میڈورائینم میں بھی آنکھوں کے نیچے سوجن ہوتی ہے۔ ایپس میں یہ حصہ سوج کر نیچے لٹک جاتا ہے۔ آنکھوں کے نیچے تھیلیاں سی بن جانا ایپس کا خاص نشان ہے جبکہ میڈورائینم میں عام سوجن پائی جاتی ہے۔'' (صفحہ: 586)

طارق احمد رشید صاحب مربی سلسلہ فجی

38واں جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ فجی

جماعت احمدیہ فجی کو اپنی شاندار روایات کو قائم رکھتے ہوئے اپنا دو روزہ 38واں جلسہ سالانہ مورخہ 8، 9 جنوری 2005ء کرنے کی توفیق ملی۔ جلسہ خدا کے فضل سے نہایت بابرکت اور کامیاب رہا۔ پیارے آقا نے ازراہ شفقت سپین سے احباب جماعت فجی کے لئے محبت بھرا اسلام اور خصوصی پیغام بھی بھجوایا۔ الحمدللہ

جلسہ کا آغاز مورخہ 8/جنوری بروز ہفتہ نماز تہجد سے ہوا اور اس کے بعد صبح 9 بجے مکرم مولانا نعیم احمد محمود چیمہ صاحب امیر و مشنری انچارج فجی اور نائب امیر فجی مکرم طاہر حسین منشی صاحب نے نعروں کی گونج میں جماعت اور ملک کے جھنڈے کو لہرایا اور دعا کے بعد بیت فضل عمر صووا کے ہال میں تلاوت قرآن کریم سے پہلے دن کے اجلاس اول کی کارروائی شروع ہوئی۔ حضرت مسیح موعود کے منظوم کلام کے بعد مکرم امیر و مشنری انچارج صاحب نے احباب کے سامنے حضور انور کا محبت بھرا اسلام اور نصائح سے بھرپور زندگی بخش اور کامیاب جلسے کے لئے دعاؤں سے معمور پیغام پڑھ کر سنایا۔ جو حضور انور نے اپنے دورہ سپین کے دوران بیت بشارت سپین سے ازراہ شفقت بذریعہ فیکس ایک روز پہلے ارسال فرمایا تھا۔

اس کے بعد محترم امیر صاحب نے چند نصائح کیں۔ اور افتتاحی دعا کروائی۔

اجلاس دوئم

یہ اجلاس خصوصاً غیر از جماعت کے لئے رکھا گیا تھا جس میں ملک فجی کے پارلیمنٹ ممبرز، مختلف ملکوں کی ایمبیسی کے نمائندگان اور دیگر مذاہب کے لیڈروں کو بھی دعوت دی گئی تھی کہ وہ خود آ کر احمدیت کا پیغام سن سکیں۔ چنانچہ اس اجلاس میں تلاوت قرآن کریم اور منظوم کلام حضرت مسیح موعود پیش کرنے کے بعد محترم امیر صاحب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے پیغام کا انگریزی ترجمہ پیش کیا۔ پیغام کے بعد ایک مفصل تقریر بعنوان ''آنحضرت ﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک'' پیش کی گئی جس کے بعد 4 غیر مذاہب مہمانوں نے اپنے علم کے مطابق نہایت اعلیٰ انداز میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اور کہا کہ جس طرح جماعت نے فجی میں بنی نوع انسان کی خدمت کے لئے سکول بنائے اور آج اس پروگرام میں کسی فرق کے بغیر سب کو دعوت دی یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ دین حق امن کا مذہب ہے اور آج آپ اس کا اصل چہرہ لوگوں کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔ آخر پر امریکہ کے سفیر نے بھی اسی طرح اپنے خیالات کا اظہار کیا کہ جو تعلیم دین حق نے پیش کی ہے اصل میں گزشتہ انبیاء کی تعلیم کا تسلسل ہے۔

اجلاس کے اختتام پر مہمانوں کو قرآن کریم کے تحفے پیش کئے گئے۔ بعد میں مہمانوں کو ایک نمائش بھی دکھائی گئی جس میں قرآن کریم کے مختلف زبانوں میں تراجم کے علاوہ مختلف زبانوں میں جماعتی کتب جدید لٹریچر اور خلفاء اور شہداء احمدیت کی تصاویر اور ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے نظام اور حضور انور کے افریقہ کے کامیاب دورہ کی تصاویر آویزاں تھیں۔

اجلاس سوئم

نماز ظہر اور عصر کے بعد مرکزی جلسہ گاہ کے علاوہ لجنہ اماء اللہ کا علیحدہ پروگرام ہوا اور نو مبائعین اور مہمانوں کے لئے انگریزی ترجمہ کا انتظام کیا گیا جہاں انہیں جماعت کے عقائد اور جماعتی نظام سمجھانے کے بعد سوال و جواب کا موقع دیا گیا اور خدا کے فضل سے جلسہ کا پروگرام یوں کامیابی کے ساتھ آگے بڑھتا رہا۔

دوسرا دن

خدا کے فضل سے دوسرے دن کا آغاز بھی نماز تہجد سے ہوا اور درس حدیث دیا گیا اس دن دو اجلاس ہوئے جن میں مالی قربانی کی اہمیت، نظام وصیت، برکات خلافت، وقف نو سکیم، سیرت و صداقت حضرت مسیح موعود اور دیگر موضوعات پر مقررین نے تقاریر کیں۔

جلسہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے کامیاب اور بارونق رہا الحمدللہ۔ جزائر فجی کے اس جلسہ میں فجی کے 4 جزائر ویتی لیوو، ونوالیوو، تاویونی اور رامبی آئی لینڈ کے علاوہ طوالو اور کیریباس جزائر سے بھی نمائندگان نے شرکت کی اور آسٹریلیا، نیوزی لینڈ کے چند مہمان بھی شامل ہوئے۔

جلسہ کی حاضری 300 سے زائد رہی جن میں خدا کے فضل سے 50 کے قریب نو مبائع اور مہمان بھی شامل ہیں۔ اختتامی خطاب و دعا کے بعد غانا سے آئے ہوئے مربیان کرام نے اپنے روایتی انداز میں کلمہ طیبہ پڑھا اور تمام جلسہ گاہ کلمہ طیبہ کے معطر ورد سے گونج اٹھا۔ درخواست دعا ہے کہ مولیٰ کریم جلسہ میں شامل ہونے والے مہمانوں اور کارکنان کو اجر عظیم سے نوازے اور سب کو حضرت مسیح موعود کے جلسہ کی برکات سے حصہ پانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

(الفضل انٹرنیشنل 28 جنوری 2005ء)

❁❁❁❁ ❁

آرمینیا

سرکاری نام:

جمہوریہ آرمینیا (Republic of Armenia)

وجہ تسمیہ:

آرمینیا کا نام قدیم ریاست آرمینا Armina اور آرمانیا Armaniya سے مشتق ہے۔

محل وقوع:

مغربی ایشیا۔ مشرقی یورپ

حدود اربعہ:

اس کے شمال میں جارجیا، مشرق میں آذربائیجان، جنوب میں ایران اور مغرب میں ترکی واقع ہیں۔

جغرافیائی صورتحال:

